مطبوعات

الجمعۃ والہند تالیف مولوی شیخ محمد رفعۃ اللہ صاحب صدیقی۔ ضخامت ۴۴ صفحات۔ ایک آنہ کا ٹکٹ بھیج کر ذیل کے پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے:- مولوی عثمان احمد صاحب بمقام لبو۔ پوسٹ مینا۔ بیا

اس رسالہ میں مؤلف نے اس مسئلہ پر بحث کی ہے کہ فقہ حنفی میں اقامت جمعہ کے لیے مصر کی جو شرط رکھی گئی ہے اس کا صحیح مفہوم کیا ہے، اور آیا ہندوستان کے دیہات وقصبات میں نماز جمعہ کو موقوف کرنا درست ہے یا نہیں۔ مسئلہ علمائے احناف میں مختلف فیہ ہے۔ ایک جماعت "مصر" کی انہی تعریفات پر زور دے رہی ہے جو قدیم کتب فقہیہ میں پائی جاتی ہیں مگر مؤلف نے احادیث اور اقوال فقہاء سے یہ ثابت کیا ہے کہ اس باب میں بہترین فتویٰ وہ ہے جو حضرت ملا نظام الدین رحمۃ اللہ اور مولانا عبد الحی فرنگی محلی رحمۃ اللہ نے دیا ہے، یعنی یہ کہ اقامت جمعہ کی غرض کے لیے ہر اس بستی پر شہر کا اطلاق ہو گا جو بالکل کوردہ نہ ہو، اور جہاں آبادی کی عام ضروریات پوری کرنے کے لیے اہل حرفہ اور دوکاندار موجود ہوں۔ اسی سلسلہ میں جمعہ کے متعلق دوسرے مسائل بھی آ گئے ہیں، مثلاً احتیاط الظہر اور ایک ہی شہر میں متعدد مقامات پر جمعہ کی اقامت، اور خطبہ کی زبان وغیرہ۔

نظام عمل تالیف مولانا عبد الحامد قادری بدایونی۔ ضخامت ۲۲۵ صفحات۔ قیمت عہ

ملنے کا پتہ:- محمد عابد القادری۔ دار التصنیف، مولوی محلہ بدایوں۔

اس کتاب میں مؤلف نے آیات و احادیث سے مسلمان کی زندگی کا پورا نظام عمل پیش کیا ہے۔ عقائد، عبادات، اخلاق، معاملات، قوانین معاشرت، اصول سیاست، نظم معیشت غرض اسلامی